# کوُوِڈ 19 کی وجہ سے فیرفیکس کاؤنٹی پبلک چارج معلومات میں ترمیم - مئی 2020

***برادری کو پیغام:***
*اس معلومات کو محکمہ فیملی سروسز اور آفس اف اسٹریٹجی منیجمنٹ برائے صحت اور انسانی خدمات نے، صرف معلوماتی مقاصد کے لئے تیار کیا ہے اور یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ اس کو، کوُوِڈ -19- سے متعلق وصائل اور خدامات ھاصل کرنے کی رہنمائی، کو شامل کرنے کیلئے تازہ کیا گیا ہے۔ اگر آپ یا آپ کا خاندان پبلک چارج کے قانون سے متاثر ہوسکتے ہیں تو ہم آپ کو وکیل سے مشورہ کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔*

پبلک چارج، امگریشن کے عہدیداروں کا بنایا ہوا، اس بارے میں تیعن ہے کہ کیا ایک محاجر بنیادی طور پر حکومت پر انحصار کرتا ہے یا نہیں۔ نیا ضابطہ 24 فروری، 2020 کو عمل میں آیا، اور وفاقی شراکت داروں کی جانب سے معلومات مارچ 2020 میں جاری کی گئی، جو اس بات کی وضاحت کرتی تھی کہ کوُوِڈ ۱۹سے متعلق چند وصائل کی وصولی پبلک چارج کے تعین پر اثر انداز ہوگی یا نہیں۔ اگر کوئی فرد پبلک چارج معین ہوچکا ہے تو، ان کی حجرت کی یا امریکہ میں رہنے کی درخواست مسترد ہو سکتی ہے۔ یہ اس وقت استعمال ہوتی ہے جب ایک فرد ویزا، مستقل قانونی رہائشی حیثیت (یعنی گرین کارڈ) یا حیثیت میں تبدیلی (یعنی کوئی عارضی ویزے کے ساتھ اپنے قیام کی مدت بڑھانا چاہتا ہو یا اپنی حیثیت کوکسی مختلف قسم کی عارضی حیثیت ہیں تبدیل کرانا چاہتا ہو)۔ یہ ان مستقل قانونی رہائشیوں (گرین کارڈ رکھنے والوں) کے لئے بھی استعمال ہوتی ہے جو 180 دن یا اس سے زیادہ کیلیئے امریکہ سے باہر رہیں۔

<u>پبلک چارج کا تعین صرف ان فوائد پر لاگو ہوتا جو براہ راست درخواست دہندہ کو موصول ہوتے ہیں</u>۔ خانداان والوں اور گھریلو افراد بشمول بچّوں کو ملنے والے فوائد کا اس میں شمار نہیں ہوتا۔ نیچے ایک چارٹ ہے جو ان اثرات کی، جو کچھ وصائل کی وجہ سے پبلک چارج کے تعین پرہوسکتے ہیں، وضاحت کرتی ہے ، بشمول کوُوِڈآ-19 سے متعلق امداد۔

| امداد / فوائد | پبلک چارج پر اثر |
|---|---|
| **کوُوِڈ - 19 جانچ اور وصائل** | |
| کوُوِڈ - 19 جانچ، علاج اور بچاؤ کی دیکھ بھال، بشمول مستقبل میں ٹیکے، | شمار نہیں ہوتا، چاہے ان کی ادائیگی میڈیکیڈ یا دوسرے عوامی فوائد کے ذریعے ہو۔ |
| **کیرز** ایکٹ کی طرف سے وصولی میں کٹوتی/ محرک چیک، جو اہل افراد اور خاندانوں نے 2020 کے موسم بہار میں، خودکار واحد ادائیگی کے طور پر وصول کئے تھے (ٹیکس میں کمی) | شمار نہیں ہوتا |
| وبا کے دوران **ٹیکس سے پہلے کی آمدنی** (P-EBT) | شمار نہیں ہوتا |
| وبا کے دوران بیروزگاری میں مدد | شمار نہیں ہوتا |
| **عوامی فوائد اور مالی امداد** | |
| ضرورتمند خاندانوں کیلیئے عارضی امداد (TANF) | شمار ہوتا ہے |
| آمدنی کو جاری رکھنے کے لئے نقد امدادی پروگرام جیسے جنرل ریلیف | شمار ہوتا ہے |

| | |
|---|---|
| غذائیت سے متعلق اضافی امدادی پروگرام (SNAP)- فوڈ اسٹیمپ | شمار ہوتا ہے |
| اضافی تحفظاتی بیمہ (SSI) | شمار ہوتا ہے |
| دوسرے غیر نقدی امدادی پروگرام جن کی ادائیگی مقامی یا ریاستی حکومت سے ہوتی ہے | شمار نہیں ہوتا |
| **صحت کی دیکھ بھال** | |
| 21 سال سے کم عمر افراد کےلیئے میڈیکیڈ، حمل کے دوران اور بچے کی ولادت کے60 دن کے بعد تک، اور ایمرجنسی میں دیکھ بھال | شمار نہیں ہوتا |
| بچّوں کی صحت کے بیمہ کے پروگرام، بشمول فیمس پلَس، فیمس، اور بچوں کی شراکت داری کی صحت کی دیلھ بھال (MCCP) | شمار نہیں ہوتا |
| غعر بیمہ شدہ افراد کو شفاخانوں اور مراکز میں فراہم کی جانے والی صحت کی دیکھ بھال | شمار نہیں ہوتا |
| کم قیمت کیرایکٹ مارکٹ پلیس صحت کا بیمہ، بشمول ٹیکس میں کمی اور عطیات | شمار نہیں ہوتا |
| 21 سالہ اور اس سے زیادہ عمر کے افراد کیلیئے میڈیکیڈ بشرطیکہ کہ وہ حاملہ نہ ہوں یا بچّے کی ولادت کو 60 دن سے کم نہ گزرے ہوں | شمار ہوتا ہے |
| **کھانے کی امداد** | |
| عورتوں، نوزائیدہ، اور بچّوں کیلیئے خصوصی اضافی غزائی پروگرام (WIC) | شمار نہیں ہوتا |
| اسکول کےمفت اور کم قیمت کھانے | شمار نہیں ہوتا |
| مفت کھانے کی تقسیم | شمار نہیں ہوتا |
| کھانے کی پینٹریاں اور کھانے کی دوسری امداد جیسے گروسری اسٹور کے گفٹ کارڈ | شمار نہیں ہوتا |
| **رہائش** | |
| کائونٹی، ریاست، یا غیر منافع بخش تنظیموں کے ذریعے فراہم کردہ کرایہ کی امداد | شمار نہیں ہوتا |
| کائونٹی، ریاست، یا غیر منافع بخش تنظیموں کے ذریعے فراہم کردہ توانائی اور دیگر سہولتوں کی امداد | شمار نہیں ہوتا |

| | |
|---|---|
| ہائوزنگ چوائس وائوچرز (سکشن 8) اور وفاقی رعایتی رہائشی پروگرام | شمار ہوتا ہے |
| **ملازمت** | |
| بیروزگاری کا بیمہ | شمار نہیں ہوتا |
| ملازمت اور پیشہ ورانہ تربیت کے پروگرام | شمار نہیں ہوتا |

**تارکینِ وطن جو پَبلِک چارج کے تعین سے مثتثنیٰ ہیں**

پَبلِک چارج کے تعین سے مثتثنیٰ ہونے والے تارکینِ وطن میں شامل ہیں پناہ گزین، سیاسی پناہ گزین؛ انسانی اسمگلنگ، گھریلو تشدّد، یا دوسرے سنگین جرائم سے بچ جانے والے ( U یا T ویزا کے درخواست دہندگان/ رکھنے والے)؛ VAWA کے ذاتی طور پر درخواست گزار، خصوصی نوعمر تارکینِ وطن؛ وہ چند لوگ جن کو امریکہ میں پیرول کیا گیا۔ وہ فوائد جو ان تارکینِ وطن نے ان میں سے کسی ایک حثییت میں حاصل کیئے اُن کے خلاف شمار نہیں کیئے جائیں گے۔ حاضر خدمت فوجی، بشمول ان کے جو امریکی مسلح افواج کی ریڈی رِزَرو میں ہیں، ان کے شرکاء حیات اور بچّے بھی مثتثنیٰ ہیں۔

**ذرائع کی معلومات**

پبلک چارج اور فوائد اور پروگراموں پر اس کے اثرات کے بارے میں معلومات، امریکی سٹیزن شِپ اور امگریشن کی خدمات پبلک چارج ویب سائٹ (www.uscis.gov/green-card/green-card-processes-and-procedures/public-charge) اور اس کے پالیسی کے دستورالعمل (www.uscis.gov/policy-manual) سے اخذ کی گئیں۔ صحت کی دیکھ بھال کے بارے میں معلومات امریکی مراکز برائے میڈیکیر اور میڈیکیڈ خدمات صحت کی دیکھ بھال برائے قانونی طور پر موجود تارکینِ وطن کی ویب سائٹ (www.healthcare.gov/immigrants/lawfully-present-immigrants) سے اخذ کی گئیں۔